ilmkidunya
علم کی دنیا

Urdu - 10th Class Urdu Chapter 26 Preparation

Q1. اک شمع بجھائی سے کیا مراد ہے

Ans 1: اس سے مراد زمانےنے ایک دکھ دیا، یہاں شمع بجھانے سے مراد ہے کھلنا ہے.

Q2. ادا جعفری کا انتقال کب ہوا.

Ans 1: آپ 12 مارچ 2015 کو مختصر علالت کے بعد کراچی میں انتقال کرگئیں.

Q3. ادا جعفری کی تصانیف کا نام بتائیں.

Ans 1: ان کی شعری مجموعوں میں شہردرد، میں ساز ڈھونڈتی رہی، غزالاں تم تو واقف ہوا اور ساز سخن بہانہ شامل ہیں. ان کی کلیات بھی شائع ہوچکا ہے.

Q4. غزل کے مطلع میں ادا جعفری کس بات پر نازاں ہے

Ans 1: غزل کے مطلع میں ادا جعفری اس بات پر نازاں ہے کہ اسے اپنے محبوب کے ساتھ دو چار قدم چلنے کا موقع ملا ہے

Q5. دل کےکنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے.

Ans 1: دل کےکنول نہ کبھی جلتے ہیں نہ کبھی بجھتے ہیں لیکن چراغوں کا مقدر تو ہمیشہ سے جلنا ہی ہوتا ہے.

Q6. ادا جعفری کی شامل نصاسب غزل ان کے کس مجموعہ سے لی گئی ہے

Ans 1: ادا جعفری کی شامل نصاب غزل ان کے مجموعہ غزالاں تم تو واقف ہو سے لی گئی ہے

Q7. تاروں کی خشک چھاؤں میں لوگوں کے جلنے سے کیا مراد ہے

Ans 1: تاروں کی خشک چھاوں میں لوگوں کے جلنے سے مراد یہ ہے کہ انھوں نے دوسروں سے ملنیوالے دکھ تو ہنس کے کہہ لیے لیکن اپنوں کی طرف سے ملنے والی تکلیفیں برداشت نہ ہوسکیں

Q8. دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے

Ans 1: شاعرہ کے مطابق دل کے کنول زخم نہ کبھی جلتے ہیں نہ بجھتے ہیں ختم ہوتے ہیں لیکن چراغوں کا مقدر ہمیشہ جلنا ہو ہوتا ہے یہی ان کا مقصد تکلیق بھی ہے

Q9. شعری اصطلاحات کے حوالے سے اس غزل کی ردیف کیا ہے

Ans 1: شعری اصطلاحات کے حوالے سے اس غزل کی ردیف ہیں ہے

Q10. غزل کے مطلع میں شاعرہ کس بات پر نازاں ہے

Ans 1: غزل کے مطلع میں شاعرہ اس بات پر نازاں ہے کہ چاہے ہم برے یا اچھے جیسے بھی تھے کچھ عرصہ ہم اپنے محبوب کے ساتھ رہے ہیں